اور ہم نے مسلسل ان لوگوں تک اپنی باتیں پہنچائیں کہ شاید اسی طرح نصیحت حاصل کر لیں۔

اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِهٖ هُمْ بِهٖ يُؤْمِنُوْنَ

ALLAZEENA AATAYNAAHUMU AL-KITAABA MIN QABLIHEE HUM BIHEE YU'MINOON

(As to) those whom We gave the Book before it, they are believers in it.

جن لوگوں کو ہم نے اس سے پہلے کتاب دی ہے وہ اس قرآن پر ایمان رکھتے ہیں۔

1/2 Juz (Sipara)

Free to read, copy and share

وَاِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖٓ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّنَآ اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلِهٖ مُسْلِمِيْنَ

WA-IZAA YUTLAA 'ALAYHIM QAALOO AAMANNAA BIHEE INNAHU AL-HAQQU MIN RABBINAA INNAA KUNNAA MIN QABLIHEE MUSLIMEEN

And when it is recited to them they say: We believe in it; surely it is the truth from our Lord; surely we were submitters before this.

اور جب ان کے سامنے اس کی تلاوت کی جاتی ہے تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لے آئے یہ ہمارے رب کی طرف سے برحق ہے اور ہم تو پہلے ہی سے تسلیم کئے ہوئے تھے۔

اُولٰٓئِكَ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَّرَّتَيْنِ بِمَا صَبَرُوْا وَيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ

OOLAA'IKA YU'TAWNA AJRAHUM MARRATAYNI BIMAA SABAROO WAYADRA'OONA BIL-HASANATI AS-SAYYI'ATA WAMIMMAA RAZAQNAAHUM YUNFIQOON

These shall be granted their reward twice, because they are steadfast and they repel evil with good and spend out of what We have given them.

یہی وہ لوگ ہیں جن کو دہری جزا دی جائے گی کہ انہوں نے صبر کیا ہے اور یہ نیکیوں کے ذریعہ برائیوں کو دفع کرتے ہیں اور ہم نے جو رزق دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔

وَاِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا عَنْهُ وَقَالُوْا لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ لَا نَبْتَغِي الْجٰهِلِيْنَ

WA-IZAA SAMI'OO AL-LAGHWA A'RADOO 'ANHU WAQAALOO LANAA A'MAALUNAA WALAKUM A'MAALUKUM SALAAMUN 'ALAYKUM LAA NABTAGHEE AL-JAAHILEEN

And when they hear idle talk they turn aside from it and say: We shall have our deeds and you shall have your deeds; peace be on you, we do not desire the ignorant.

اور جب لغو بات سنتے ہیں تو کنارہ کشی اختیار کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمارے لئے ہمارے اعمال ہیں اور تمہارے لئے تمہارے اعمال ہیں تم پر ہمارا سلام کہ ہم جاہلوں کی صحبت پسند نہیں کرتے ہیں۔

Free to read, copy and share

اِنَّكَ لَا تَهۡدِيۡ مَنۡ اَحۡبَبۡتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهۡدِيۡ مَنۡ يَّشَآءُ وَهُوَ اَعۡلَمُ بِالۡمُهۡتَدِيۡنَ

INNAKA LAA TAHDEE MAN AHBABTA WALAAKINNA ALLAAHA YAHDEE MAN YASHAA'U WAHUWA A'LAMU BIL-MUHTADEEN

Surely you cannot guide whom you love, but Allah guides whom He pleases, and He knows best the followers of the right way.

پیغمبر بے شک آپ جسے چاہیں اسے ہدایت نہیں دے سکتے ہیں بلکہ اللہ جسے چاہتا ہے ہدایت دے دیتا ہے اور وہ ان لوگوں سے خوب باخبر ہے جو ہدایت پانے والے ہیں۔

وَقَالُوۡۤا اِنۡ نَّتَّبِعِ الۡهُدٰى مَعَكَ نُتَخَطَّفۡ مِنۡ اَرۡضِنَا اَوَلَمۡ نُمَكِّنۡ لَّهُمۡ حَرَمًا اٰمِنًا يُّجۡبٰۤى اِلَيۡهِ ثَمَرٰتُ كُلِّ شَىۡءٍ رِّزۡقًا مِّنۡ لَّدُنَّا وَلٰكِنَّ اَكۡثَرَهُمۡ لَا يَعۡلَمُوۡنَ

WAQAALOO IN NATTABI'I AL-HUDAA MA'AKA NUTAKHATTAF MIN ARDINAA AWALAM NUMAKKIN LAHUM HARAMAN AAMINAN YUJBAA ILAYHI THAMARAATU KULLI SHAY'IN RIZQAN MIN LADUNNAA WALAAKINNA AKTHARAHUM LAA YA'LAMOON

And they say: If we follow the guidance with you, we shall be carried off from our country. What! have We not settled them in a safe, sacred territory to which fruits of every kind shall be drawn?- a sustenance from Us; but most of them do not know.

اور یہ کفار کہتے ہیں کہ ہم آپ کے ساتھ حق کی پیروی کریں گے تو اپنی زمین سے اچک لئے جائیں گے تو کیا ہم نے انہیں ایک محفوظ حرم پر قبضہ نہیں دیا ہے جس کی طرف ہر شے کے پھل ہماری دی ہوئی روزی کی بنا پر چلے آرہے ہیں لیکن ان کی اکثریت سمجھتی ہی نہیں ہے۔

وَكَمۡ اَهۡلَكۡنَا مِنۡ قَرۡيَةٍۢ بَطِرَتۡ مَعِيۡشَتَهَا فَتِلۡكَ مَسٰكِنُهُمۡ لَمۡ تُسۡكَنۡ مِّنۡۢ بَعۡدِهِمۡ اِلَّا قَلِيۡلًا وَّكُنَّا نَحۡنُ الۡوٰرِثِيۡنَ

WAKAM AHLAKNAA MIN QARYATIN BATIRAT MA'EESHATAHAA FATILKA MASAAKINUHUM LAM TUSKAN MIN BA'DIHIM ILLAA QALEELAN WAKUNNAA NAHNU AL-WAARITHEEN

And how many a town have We destroyed which exulted in its means of subsistence, so these are their abodes, they have not been dwelt in after them except a little, and We are the inheritors

اور ہم نے کتنی ہی بستیوں کو ان کی معیشت کے غرور کی بنا پر ہلاک کردیا اب یہ ان کے مکانات ہیں جو ان کے بعد پھر آباد نہ ہوسکے مگر بہت کم اور درحقیقت ہم ہی ہر چیز کے وارث اور مالک ہیں۔

Free to read, copy and share

وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى حَتّٰى يَبْعَثَ فِيْٓ اُمِّهَا رَسُوْلًا يَّتْلُوْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا وَمَا كُنَّا مُهْلِكِي الْقُرٰٓى اِلَّا وَاَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ

WAMAA KAANA RABBUKA MUHLIKA AL-QURAA HATTAA YAB'ATHA FEE UMMIHAA RASOOLAN YATLOO 'ALAYHIM AAYAATINAA WAMAA KUNNAA MUHLIKEE AL-QURAA ILLAA WA-AHLUHAA ZAALIMOON

And your Lord never destroyed the towns until He raised in their metropolis an apostle, reciting to them Our communications, and We never destroyed the towns except when their people were unjust.

اور آپ کا پروردگار کسی بستی کو ہلاک کرنے والا نہیں ہے جب تک کہ اس کے مرکز میں کوئی رسول نہ بھیج دے جو ان کے سامنے ہماری آیات کی تلاوت کرے اور ہم کسی بستی کے تباہ کرنے والے نہیں ہیں مگر یہ کہ اس کے رہنے والے ظالم ہوں۔

وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتُهَا وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ

WAMAA OOTEETUM MIN SHAY'IN FAMATAA'U AL-HAYAATI AD-DUNYAA WAZEENATUHAA WAMAA 'INDA ALLAAHI KHAYRUN WA-ABQAA AFALAA TA'QILOON

And whatever things you have been given are only a provision of this world's life and its adornment, and whatever is with Allah is better and more lasting; do you not then understand?

اور جو کچھ بھی تمہیں عطا کیا گیا ہے یہ چند روزہ لذتِ دنیا اور زینتِ دنیا ہے اور جو کچھ بھی خدا کی بارگاہ میں ہے وہ خیر اور باقی رہنے والا ہے کیا تم اتنا بھی نہیں سمجھتے ہو۔

اَفَمَنْ وَّعَدْنٰهُ وَعْدًا حَسَنًا فَهُوَ لَاقِيْهِ كَمَنْ مَّتَّعْنٰهُ مَتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ هُوَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ

AFAMAN WA'ADNAAHU WA'DAN HASANAN FAHUWA LAAQEEHI KAMAN MATTA'NAAHU MATAA'A AL-HAYAATI AD-DUNYAA THUMMA HUWA YAWMA AL-QIYAAMATI MINA AL-MUHDAREEN

Is he to whom We have promised a goodly promise which he shall meet with like him whom We have provided with the provisions of this world's life, then on the day of resurrection he shall be of those who are brought up?

کیا وہ بندہ جس سے ہم نے بہترین وعدہ کیا ہے اور وہ اسے پا بھی لے گا اس کے مانند ہے جسے ہم نے دنیا میں تھوڑی سی لذّت دے دی ہے اور پھر وہ روزِ قیامت خدا کی بارگاہ میں کھینچ کر حاضر کیا جائے گا۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ فَيَقُولُ اَيْنَ شُرَكَآئِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ

WAYAWMA YUNAADEEHIM FAYAQOOLU AYNA SHURAKAA'IYA ALLAZEENA KUNTUM TAZ'UMOON

And on the day when He will call them and say: Where are those whom you deemed to be My associates?

جس دن خدا ان لوگوں کو آواز دے گا کہ میرے وہ شرکاء کہاں ہیں جن کی شرکت کا تمہیں خیال تھا۔

قَالَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَغْوَيْنَا اَغْوَيْنٰهُمْ كَمَا غَوَيْنَا تَبَرَّاْنَآ اِلَيْكَ مَا كَانُوْٓا اِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ

QAALA ALLAZEENA HAQQA 'ALAYHIMU AL-QAWLU RABBANAA HAA'ULAA'I ALLAZEENA AGHWAYNAA AGHWAYNAAHUM KAMAA GHAWAYNAA TABARRA'NAA ILAYKA MAA KAANOO IYYAANAA YA'BUDOON

Those against whom the sentence has become confirmed will say: Our Lord! these are they whom we caused to err; we caused them to err as we ourselves did err; to Thee we declare ourselves to be clear (of them); they never served Us.

تو جن شرکاء پر عذاب ثابت ہو چکا ہو گا وہ کہیں گے کہ پروردگار یہ ہیں وہ لوگ جن کو ہم نے گمراہ کیا ہے اور اسی طرح گمراہ کیا ہے جس طرح ہم خود گمراہ ہوئے تھے لیکن اب ان سے برائت چاہتے ہیں یہ ہماری عبادت تو نہیں کر رہے تھے۔

وَقِيْلَ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيبُوْا لَهُمْ وَرَاَوُا الْعَذَابَ لَوْ اَنَّهُمْ كَانُوْا يَهْتَدُوْنَ

WAQEELA UD'OO SHURAKAA'AKUM FADA'AWHUM FALAM YASTAJEEBOO LAHUM WARA'AWU AL-'AZAABA LAW ANNAHUM KAANOO YAHTADOON

And it will be said: Call your associate-gods. So they will call upon them, but they will not answer them, and they shall see the punishment; would that they had followed the right way!

تو کہا جائے گا کہ اچھا اپنے شرکاء کو پکارو تو وہ پکاریں گے لیکن کوئی جواب نہ پائیں گے بلکہ عذاب ہی کو دیکھیں گے تو کاش یہ دنیا ہی میں ہدایت یافتہ ہو جاتے۔

وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ فَيَقُولُ مَاذَآ اَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِيْنَ

WAYAWMA YUNAADEEHIM FAYAQOOLU MAAZAA AJABTUMU AL-MURSALEEN

And on the day when He shall call them and say: What was the answer you gave to the apostles?

اور جس دن خدا ان سے پکار کر کہے گا کہ تم نے ہمارے رسولوں کو کیا جواب دیا تھا۔

Free to read, copy and share

فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْاَنْۢبَآءُ يَوْمَئِذٍ فَهُمْ لَا يَتَسَآءَلُوْنَ

FA'AMIYAT 'ALAYHIMU AL-ANBAA'U YAWMA'IZIN FAHUM LAA YATASAA'ALOON

Then the pleas shall become obscure to them on that day, so they shall not ask each other.

تو ان پر ساری خبریں تاریک ہو جائیں گی اور وہ آپس میں ایک دوسرے سے سوال بھی نہ کر سکیں گے۔

فَاَمَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ

FA-AMMAA MAN TAABA WA-AAMANA WA'AMILA SAALIHAN FA'ASAA AN YAKOONA MINA AL-MUFLIHEEN

But as to him who repents and believes and does good, maybe he will be among the successful:

لیکن جس نے توبہ کر لی اور ایمان لے آیا اور نیک عمل کیا وہ یقیناً فلاح پانے والوں میں شمار ہو جائے گا۔

وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وَيَخْتَارُ مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ

WARABBUKA YAKHLUQU MAA YASHAA'U WAYAKHTAARU MAA KAANA LAHUMU AL-KHIYARATU SUBHAANA ALLAAHI WATA'AALAA 'AMMAA YUSHRIKOON

And your Lord creates and chooses whom He pleases; to choose is not theirs; glory be to Allah, and exalted be He above what they associate (with Him).

اور آپ کا پروردگار جسے چاہتا ہے پیدا کرتا ہے اور پسند کرتا ہے۔ ان لوگوں کو کسی کا انتخاب کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔ خدا ان کے شرک سے پاک اور بلند و برتر ہے۔

وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ

WARABBUKA YA'LAMU MAA TUKINNU SUDOORUHUM WAMAA YU'LINOON

And your Lord knows what their breasts conceal and what they manifest.

اور آپ کا پروردگار ان چیزوں کو بھی جانتا ہے جو یہ اپنے سینوں میں چھپائے ہوئے ہیں اور انہیں بھی جانتا ہے جن کا یہ اعلان و اظہار کرتے ہیں۔

Free to read, copy and share

وَهُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الْحَمْدُ فِي الْاُوْلٰى وَالْاٰخِرَةِ وَلَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ

WAHUWA ALLAAHU LAA ILAAHA ILLAA HUWA LAHU AL-HAMDU FEE AL-OOLAA WAL-AAKHIRATI WALAHU AL-HUKMU WA-ILAYHI TURJA'OON

And He is Allah, there is no god but He! All praise is due to Him in this (life) and the hereafter, and His is the judgment, and to Him you shall be brought back.

وہ اللہ ہے جس کے علاوہ کوئی دوسرا خدا نہیں ہے اور اول و آخر اور دنیا و آخرت میں ساری حمد اسی کے لئے ہے اسی کے لئے حکم ہے اور اسی کی طرف تم سب کو واپس جانا پڑے گا۔

قُلْ اَرَاَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ الَّيْلَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِضِيَآءٍ اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ

QUL ARA'AYTUM IN JA'ALA ALLAAHU 'ALAYKUMU ALLAYLA SARMADAN ILAA YAWMI AL-QIYAAMATI MAN ILAAHUN GHAYRU ALLAAHI YA'TEEKUM BIDIYAA'IN AFALAA TASMA'OON

Say: Tell me, if Allah were to make the night to continue incessantly on you till the day of resurrection, who is the god besides Allah that could bring you light? Do you not then hear?

آپ کہئے کہ تمہارا کیا خیال ہے اگر خدا تمہارے لئے رات کو قیامت تک کے لئے ابدی بنا دے تو کیا اس کے علاوہ اور کوئی معبود ہے جو تمہارے لئے روشنی کو لے آسکے تو کیا تم بات سنتے نہیں ہو۔

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ النَّهَارَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِلَيْلٍ تَسْكُنُوْنَ فِيْهِ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ

QUL ARA'AYTUM IN JA'ALA ALLAAHU 'ALAYKUMU AN-NAHAARA SARMADAN ILAA YAWMI AL-QIYAAMATI MAN ILAAHUN GHAYRU ALLAAHI YA'TEEKUM BILAYLIN TASKUNOONA FEEHI AFALAA TUBSIROON

Say: Tell me, if Allah were to make the day to continue incessantly on you till the day of resurrection, who is the god besides Allah that could bring you the night in which you take rest? Do you not then see?

اور کہئے کہ اگر وہ دن کو قیامت تک کے لئے دائمی بنا دے تو اس کے علاوہ کون معبود ہے۔ جو تمہارے لئے وہ رات لے آئے گا جس میں سکون حاصل کر سکو کیا تم دیکھتے نہیں ہو۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

وَمِن رَّحْمَتِهِ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ

WAMIN RAHMATIHEE JA'ALA LAKUMU ALLAYLA WAN-NAHAARA LITASKUNOO FEEHI WALITABTAGHOO MIN FADLIHEE WALA'ALLAKUM TASHKUROON

And out of His mercy He has made for you the night and the day, that you may rest therein, and that you may seek of His grace, and that you may give thanks.

یہ اس کی رحمت کا ایک حصّہ ہے کہ اس نے تمہارے لئے رات اور دن دونوں بنائے ہیں تاکہ آرام بھی کر سکو اور رزق بھی تلاش کر سکو اور شاید اس کا شکریہ بھی ادا کر سکو۔

وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآئِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ

WAYAWMA YUNAADEEHIM FAYAQOOLU AYNA SHURAKAA'IYA ALLAZEENA KUNTUM TAZ'UMOON

And on the day when He shall call them and say: Where are those whom you deemed to be My associates?

اور قیامت کے دن خدا انہیں آواز دے گا کہ میرے وہ شریک کہاں ہیں جن کی شرکت کا تمہیں خیال تھا۔

وَنَزَعْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا فَقُلْنَا هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ فَعَلِمُوْٓا اَنَّ الْحَقَّ لِلّٰهِ وَضَلَّ عَنْهُم مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ

WANAZA'NAA MIN KULLI UMMATIN SHAHEEDAN FAQULNAA HAATOO BURHAANAKUM FA'ALIMOO ANNA AL-HAQQA LILLAAHI WADALLA 'ANHUM MAA KAANOO YAFTAROON

And We will draw forth from among every nation a witness and say: Bring your proof; then shall they know that the truth is Allah’s, and that which they forged shall depart from them.

اور ہم ہر قوم میں سے ایک گواہ نکال کر لائیں گے اور منکرین سے کہیں گے کہ تم بھی اپنی دلیل لے آؤ تب انہیں معلوم ہو گا کہ حق اللہ ہی کے لئے ہے اور پھر وہ جو افترا پردازیاں کیا کرتے تھے وہ سب گم ہو جائیں گی۔

Free to read, copy and share

اِنَّ قَارُوْنَ كَانَ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰى فَبَغٰى عَلَيْهِمْ وَاٰتَيْنٰهُ مِنَ الْكُنُوْزِ مَآ اِنَّ مَفَاتِحَهٗ لَتَنُوْٓءُ بِالْعُصْبَةِ اُولِي الْقُوَّةِ اِذْ قَالَ لَهٗ قَوْمُهٗ لَا تَفْرَحْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ

INNA QAAROONA KAANA MIN QAWMI MOOSAA FABAGHAA 'ALAYHIM WA-AATAYNAAHU MINA AL-KUNOOZI MAA INNA MAFAATIHAHOO LATANOO'U BIL-'USBATI OOLEE AL-QUWWATI IZ QAALA LAHOO QAWMUHOO LAA TAFRAH INNA ALLAAHA LAA YUHIBBU AL-FARIHEEN

Surely Qaroun was of the people of Musa, but he rebelled against them, and We had given him of the treasures, so much so that his hoards of wealth would certainly weigh down a company of men possessed of great strength. When his people said to him: Do not exult, surely Allah does not love the exultant;

بے شک قارون موسیٰؑ کی قوم میں سے تھا مگر اس نے قوم پر ظلم کیا اور ہم نے بھی اسے اتنے خزانے دے دیئے تھے کہ ایک طاقت ور جماعت سے بھی اس کی کنجیاں نہیں اٹھ سکتی تھیں پھر جب اس سے قوم نے کہا کہ اس قدر نہ اتراؤ کہ خدا اترانے والوں کو دوست نہیں رکھتا ہے۔

وَابْتَغِ فِيْمَآ اٰتٰىكَ اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ مِنَ الدُّنْيَا وَاَحْسِنْ كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَيْكَ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْاَرْضِ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ

WABTAGHI FEEMAA AATAAKA ALLAAHU AD-DAARA AL-AAKHIRATA WALAA TANSA NASEEBAKA MINA AD-DUNYAA WA-AHSIN KAMAA AHSANA ALLAAHU ILAYKA WALAA TABGHI AL-FASAADA FEE AL-ARDI INNA ALLAAHA LAA YUHIBBU AL-MUFSIDEEN

And seek by means of what Allah has given you the future abode, and do not neglect your portion of this world, and do good (to others) as Allah has done good to you, and do not seek to make mischief in the land, surely Allah does not love the mischief-makers.

اور جو کچھ خدا نے دیا ہے اس سے آخرت کے گھر کا انتظام کرو اور دنیا میں اپنا حصّہ بھول نہ جاؤ اور نیکی کرو جس طرح کہ خدا نے تمہارے ساتھ نیک برتاؤ کیا ہے اور زمین میں فساد کی کوشش نہ کرو کہ اللہ فساد کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا ہے۔

Free to read, copy and share

قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ عِنْدِيْ ۭ اَوَلَمْ يَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَهْلَكَ مِنْ قَبْلِهٖ مِنَ الْقُرُوْنِ مَنْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُ قُوَّةً وَّاَكْثَرُ جَمْعًا ۭ وَلَا يُسْـَٔـلُ عَنْ ذُنُوْبِهِمُ الْمُجْرِمُوْنَ

QAALA INNAMAA OOTEETUHOO 'ALAA 'ILMIN 'INDEE AWALAM YA'LAM ANNA ALLAAHA QAD AHLAKA MIN QABLIHEE MINA AL-QUROONI MAN HUWA ASHADDU MINHU QUWWATAN WA-AKTHARU JAM'AN WALAA YUS'ALU 'AN ZUNOOBIHIMU AL-MUJRIMOON

He said: I have been given this only on account of the knowledge I have. Did he not know that Allah had destroyed before him of the generations those who were mightier in strength than he and greater in assemblage? And the guilty shall not be asked about their faults.

قارون نے کہا کہ مجھے یہ سب کچھ میرے علم کی بنا پر دیا گیا ہے تو کیا اسے یہ معلوم نہیں ہے کہ اللہ نے اس سے پہلے بہت سی نسلوں کو ہلاک کر دیا ہے جو اس سے زیادہ طاقتور اور مال کے اعتبار سے دولت مند تھیں اور ایسے مجرموں سے تو ان کے گناہوں کے بارے میں سوال بھی نہیں کیا جاتا ہے۔

فَخَرَجَ عَلٰي قَوْمِهٖ فِيْ زِيْنَتِهٖ ۭ قَالَ الَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا يٰلَيْتَ لَنَا مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ قَارُوْنُ ۙ اِنَّهٗ لَذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ

FAKHARAJA 'ALAA QAWMIHEE FEE ZEENATIHEE QAALA ALLAZEENA YUREEDOONA AL-HAYAATA AD-DUNYAA YAA LAYTA LANAA MITHLA MAA OOTIYA QAAROONU INNAHOO LAZOO HAZZIN 'AZEEM

So he went forth to his people in his finery. Those who desire this world's life said: O would that we had the like of what Qaroun is given; most surely he is possessed of mighty good fortune.

پھر قارون اپنی قوم کے سامنے زیب و زینت کے ساتھ برآمد ہوا تو جن لوگوں کے دل میں زندگانی دنیا کی خواہش تھی انہوں نے کہنا شروع کر دیا کہ کاش ہمارے پاس بھی یہ ساز و سامان ہوتا جو قارون کو دیا گیا ہے یہ تو بڑے عظیم حصّہ کا مالک ہے۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّمَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ۚ وَلَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ

WAQAALA ALLAZEENA OOTOO AL-'ILMA WAYLAKUM THAWAABU ALLAAHI KHAYRUN LIMAN AAMANA WA'AMILA SAALIHAN WALAA YULAQQAAHAA ILLAA AS-SAABIROON

And those who were given the knowledge said: Woe to you! Allah's reward is better for him who believes and does good, and none is made to receive this except the patient.

اور جنہیں علم دیا گیا تھا انہوں نے کہا کہ افسوس تمہارے حال پر۔ اللہ کا ثواب صاحبانِ ایمان و عمل صالح کے لئے اس سے کہیں زیادہ بہتر ہے اور وہ ثواب صبر کرنے والوں کے علاوہ کسی کو نہیں دیا جاتا ہے۔

Free to read, copy and share

فَخَسَفْنَا بِهٖ وَبِدَارِهِ الْاَرْضَ فَمَا كَانَ لَهٗ مِنْ فِئَةٍ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُنْتَصِرِيْنَ

FAKHASAFNAA BIHEE WABIDAARIHI AL-ARDA FAMAA KAANA LAHOO MIN FI'ATIN YANSUROONAHOO MIN DOONI ALLAAHI WAMAA KAANA MINA AL-MUNTASIREEN

Thus We made the earth to swallow up him and his abode; so he had no body of helpers to assist him against Allah nor was he of those who can defend themselves.

پھر ہم نے اسے اور اس کے گھر بار کو زمین میں دھنسا دیا اور نہ کوئی گروہ خدا کے علاوہ بچانے والا پیدا ہوا اور نہ وہ خود اپنا بچاؤ کرنے والا تھا۔

وَاَصْبَحَ الَّذِيْنَ تَمَنَّوْا مَكَانَهٗ بِالْاَمْسِ يَقُوْلُوْنَ وَيْكَاَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَوْلَآ اَنْ مَّنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ بِنَا وَيْكَاَنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ

WA-ASBAHA ALLAZEENA TAMANNAW MAKAANAHOO BIL-AMSI YAQOOLOONA WAYKA'ANNA ALLAAHA YABSUTU AR-RIZQA LIMAN YASHAA'U MIN 'IBAADIHEE WAYAQDIRU LAWLAA AN MANNA ALLAAHU 'ALAYNAA LAKHASAFA BINAA WAYKA'ANNAHOO LAA YUFLIHU AL-KAAFIROON

And those who yearned for his place only the day before began to say: Ah! (know) that Allah amplifies and straitens the means of subsistence for whom He pleases of His servants; had not Allah been gracious to us, He would most surely have abased us; ah! (know) that the ungrateful are never successful.

اور جن لوگوں نے کل اس کی جگہ کی تمنا کی تھی وہ کہنے لگے کہ معاذ اللہ یہ تو خدا جس بندے کے لئے چاہتا ہے اس کے رزق میں وسعت پیدا کر دیتا ہے اور جس کے یہاں چاہتا ہے تنگی پیدا کر دیتا ہے اور اگر اس نے ہم پر احسان نہ کر دیا ہوتا تو ہمیں بھی دھنسا دیا ہوتا معاذ اللہ کافروں کے لئے واقعًا فلاح نہیں ہے۔

تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا وَّالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ

TILKA AD-DAARU AL-AAKHIRATU NAJ'ALUHAA LILLAZEENA LAA YUREEDOONA 'ULUWWAN FEE AL-ARDI WALAA FASAADAN WAL'AAQIBATU LIL-MUTTAQEEN

(As for) that future abode, We assign it to those who have no desire to exalt themselves in the earth nor to make mischief and the good end is for those who guard (against evil)

یہ دار آخرت وہ ہے جسے ہم ان لوگوں کے لئے قرار دیتے ہیں جو زمین میں بلندی اور فساد کے طلب گار نہیں ہوتے ہیں اور عاقبت تو صرف صاحبانِ تقویٰ کے لئے ہے۔

Free to read, copy and share

مَنۡ جَآءَ بِالۡحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيۡرٌ مِّنۡهَا وَمَنۡ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجۡزَى الَّذِيۡنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ اِلَّا مَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ

MAN JAA'A BIL-HASANATI FALAHOO KHAYRUN MINHAA WAMAN JAA'A BIS-SAYYI'ATI FALAA YUJZAA ALLAZEENA 'AMILOO AS-SAYYI'AATI ILLAA MAA KAANOO YA'MALOON

Whoever brings good, he shall have better than it, and whoever brings evil, those who do evil shall not be rewarded (for) aught except what they did.

جو کوئی نیکی کرے گا اسے اس سے بہتر اجر ملے گا اور جو کوئی برائی کرے گا تو برائی کرنے والوں کو اتنی ہی سزا دی جائے گی جیسے اعمال وہ کرتے رہے ہیں۔

اِنَّ الَّذِيۡ فَرَضَ عَلَيۡكَ الۡقُرۡاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ قُلۡ رَّبِّىۡۤ اَعۡلَمُ مَنۡ جَآءَ بِالۡهُدٰى وَمَنۡ هُوَ فِىۡ ضَلٰلٍ مُّبِيۡنٍ

INNA ALLAZEE FARADA 'ALAYKA AL-QUR'AANA LARAADDUKA ILAA MA'AADIN QUL RABBEE A'LAMU MAN JAA'A BIL-HUDAA WAMAN HUWA FEE DALAALIN MUBEEN

Most surely He Who has made the Quran binding on you will bring you back to the destination. Say: My Lord knows best him who has brought the guidance and him who is in manifest error.

بے شک جس نے آپ پر قرآن کا فریضہ عائد کیا ہے وہ آپ کو آپ کی منزل تک ضرور واپس پہنچائے گا، آپ کہہ دیجئے کہ میرا پروردگار بہتر جانتا ہے کہ کون ہدایت لے کر آیا ہے اور کون کھلی ہوئی گمراہی میں ہے۔

وَمَا كُنۡتَ تَرۡجُوۡۤا اَنۡ يُّلۡقٰۤى اِلَيۡكَ الۡكِتٰبُ اِلَّا رَحۡمَةً مِّنۡ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوۡنَنَّ ظَهِيۡرًا لِّلۡكٰفِرِيۡنَ

WAMAA KUNTA TARJOO AN YULQAA ILAYKA AL-KITAABU ILLAA RAHMATAN MIN RABBIKA FALAA TAKOONANNA ZAHEERAN LILKAAFIREEN

And you did not expect that the Book would be inspired to you, but it is a mercy from your Lord, therefore be not a backer-up of the unbelievers.

اور آپ تو اس بات کے امیدوار نہیں تھے کہ آپ کی طرف کتاب نازل کی جائے یہ تو رحمتِ پروردگار ہے لہذا خبردار آپ کافروں کا ساتھ نہ دیجئے گا۔

Free to read, copy and share

وَلَا يَصُدُّنَّكَ عَنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ بَعْدَ اِذْ اُنْزِلَتْ اِلَيْكَ وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ

WALAA YASUDDUNNAKA 'AN AAYAATI ALLAAHI BA'DA IZ UNZILAT ILAYKA WAD'U ILAA RABBIKA WALAA TAKOONANNA MINA AL-MUSHRIKEEN

And let them not turn you aside from the communications of Allah after they have been revealed to you, and call (men) to your Lord and be not of the polytheists.

اور ہرگز یہ لوگ آیات کے نازل ہونے کے بعد ان کی تبلیغ سے آپ کو روکنے نہ پائیں اور آپ اپنے رب کی طرف دعوت دیجئے اور خبردار مشرکین میں سے نہ ہو جایئے۔

وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ

WALAA TAD'U MA'A ALLAAHI ILAAHAN AAKHARA LAA ILAAHA ILLAA HUWA KULLU SHAY'IN HAALIKUN ILLAA WAJHAHOO LAHU AL-HUKMU WA-ILAYHI TURJA'OON

And call not with Allah any other god; there is no god but He, everything is perishable but He; His is the judgment, and to Him you shall be brought back.

اور اللہ کے ساتھ کسی دوسرے خدا کو مت پکارو کہ اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے، اس کی ذات کے ماسوا ہر شے ہلاک ہونے والی ہے اور تم سب اسی کی بارگاہ کی طرف پلٹائے جاؤ گے۔

3/4 Juz (Sipara)

29| Ankaboot

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

BISMI ALLAAHI AR-RAHMAANI AR-RAHEEM

In the Name of Allah, the most Gracious, the most Merciful.

اللہ کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

Free to read, copy and share

الٓمّٓ

ALIF LAAM MEEM.

Alif Lam Mim.

الم

اَحَسِبَ النَّاسُ اَنۡ يُّتۡرَكُوۡۤا اَنۡ يَّقُوۡلُوۡۤا اٰمَنَّا وَهُمۡ لَا يُفۡتَنُوۡنَ

AHASIBA AN-NAASU AN YUTRAKOO AN YAQOOLOO AAMANNAA WAHUM LAA YUFTANOON

Do men think that they will be left alone on saying, We believe, and not be tried?

کیا لوگوں نے یہ خیال کر رکھا ہے کہ وہ صرف اس بات پر چھوڑ دیئے جائیں گے کہ وہ یہ کہہ دیں کہ ہم ایمان لے آئے ہیں اور ان کا امتحان نہیں ہو گا۔

وَلَقَدۡ فَتَنَّا الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ فَلَيَعۡلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيۡنَ صَدَقُوۡا وَلَيَعۡلَمَنَّ الۡكٰذِبِيۡنَ

WALAQAD FATANNAA ALLAZEENA MIN QABLIHIM FALAYA'LAMANNA ALLAAHU ALLAZEENA SADAQOO WALAYA'LAMANNA AL-KAAZIBEEN

And certainly We tried those before them, so Allah will certainly know those who are true and He will certainly know the liars.

بے شک ہم نے ان سے پہلے والوں کا بھی امتحان لیا ہے اور اللہ تو بہرحال یہ جاننا چاہتا ہے کہ ان میں کون لوگ سچے ہیں اور کون جھوٹے ہیں۔

اَمۡ حَسِبَ الَّذِيۡنَ يَعۡمَلُوۡنَ السَّيِّاٰتِ اَنۡ يَّسۡبِقُوۡنَا سَآءَ مَا يَحۡكُمُوۡنَ

AM HASIBA ALLAZEENA YA'MALOONA AS-SAYYI'AATI AN YASBIQOONAA SAA'A MAA YAHKUMOON

Or do they who work evil think that they will escape Us? Evil is it that they judge!

کیا برائی کرنے والوں کا خیال یہ ہے کہ ہم سے آگے نکل جائیں گے یہ بہت غلط فیصلہ کر رہے ہیں۔

Free to read, copy and share

مَنۡ كَانَ يَرۡجُوۡ لِقَآءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ؕ وَهُوَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ

MAN KAANA YARJOO LIQAA'A ALLAAHI FA-INNA AJALA ALLAAHI LA-AATIN WAHUWA AS-SAMEE'U AL-'ALEEM

Whoever hopes to meet Allah, the term appointed by Allah will then most surely come; and He is the Hearing, the Knowing.

جو بھی اللہ کی ملاقات کی امید رکھتا ہے اسے معلوم رہے کہ وہ مدّت یقیناً آنے والی ہے اور وہ خدا سمیع بھی ہے اور علیم بھی ہے۔

وَمَنۡ جَاهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفۡسِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِىٌّ عَنِ الۡعٰلَمِيۡنَ

WAMAN JAAHADA FA-INNAMAA YUJAAHIDU LINAFSIHEE INNA ALLAAHA LAGHANIYYUN 'ANI AL-'AALAMEEN

And whoever strives hard, he strives only for his own soul; most surely Allah is Self-sufficient, above (need of) the worlds.

اور جس نے بھی جہاد کیا ہے اس نے اپنے لئے جہاد کیا ہے اور اللہ تو سارے عالمین سے بے نیاز ہے۔

وَالَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنۡهُمۡ سَيِّاٰتِهِمۡ وَلَنَجۡزِيَنَّهُمۡ اَحۡسَنَ الَّذِىۡ كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ

WALLAZEENA AAMANOO WA'AMILOO AS-SAALIHAATI LANUKAFFIRANNA 'ANHUM SAYYI'AATIHIM WALANAJZIYANNAHUM AHSANA ALLAZEE KAANOO YA'MALOON

And (as for) those who believe and do good, We will most certainly do away with their evil deeds and We will most certainly reward them the best of what they did.

اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک اعمال کئے ہم یقیناً ان کے گناہوں کی پردہ پوشی کریں گے اور انہیں ان کے اعمال کی بہترین جزا عطا کریں گے۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا وَّاِنْ جَاهَدٰكَ لِتُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَآ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ

WAWASSAYNAA AL-INSAANA BIWAALIDAYHI HUSNAN WA-IN JAAHADAAKA LITUSHRIKA BEE MAA LAYSA LAKA BIHEE 'ILMUN FALAA TUTI'HUMAA ILAYYA MARJI'UKUM FA-UNABBI'UKUM BIMAA KUNTUM TA'MALOON

And We have enjoined on man goodness to his parents, and if they contend with you that you should associate (others) with Me, of which you have no knowledge, do not obey them, to Me is your return, so I will inform you of what you did.

اور ہم نے انسان کو ماں باپ کے ساتھ نیک برتاؤ کرنے کی نصیحت کی ہے اور بتایا ہے کہ اگر وہ کسی ایسی شے کو میرا شریک بنانے پر مجبور کریں جس کا تمہیں علم نہیں ہے تو خبردار ان کی اطاعت نہ کرنا کہ تم سب کی بازگشت میری ہی طرف ہے پھر میں بتاؤں گا کہ تم لوگ کیا کر رہے تھے۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِي الصّٰلِحِيْنَ

WALLAZEENA AAMANOO WA'AMILOO AS-SAALIHAATI LANUDKHILANNAHUM FEE AS-SAALIHEEN

And (as for) those who believe and do good, We will most surely cause them to enter among the good.

اور جن لوگوں نے ایمان اختیار کیا اور نیک اعمال کئے ہم یقیناً انہیں نیک بندوں میں شامل کر لیں گے۔

Free to read, copy and share

وَمِنَ النَّاسِ مَنۡ يَّقُوۡلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ فَاِذَاۤ اُوۡذِىَ فِى اللّٰهِ جَعَلَ فِتۡنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللّٰهِ وَلَئِنۡ جَآءَ نَصۡرٌ مِّنۡ رَّبِّكَ لَيَقُوۡلُنَّ اِنَّا كُنَّا مَعَكُمۡ اَوَلَيۡسَ اللّٰهُ بِاَعۡلَمَ بِمَا فِىۡ صُدُوۡرِ الۡعٰلَمِيۡنَ

WAMINA AN-NAASI MAN YAQOOLU AAMANNAA BILLAAHI FA-IZAA OOZIYA FEE ALLAAHI JA'ALA FITNATA AN-NAASI KA'AZAABI ALLAAHI WALA'IN JAA'A NASRUN MIN RABBIKA LAYAQOOLUNNA INNAA KUNNAA MA'AKUM AWALAYSA ALLAAHU BI-A'LAMA BIMAA FEE SUDOORI AL-'AALAMEEN

And among men is he who says: We believe in Allah; but when he is persecuted in (the way of) Allah he thinks the persecution of men to be as the chastisement of Allah; and if there come assistance from your Lord, they would most certainly say: Surely we were with you. What! is not Allah the best knower of what is in the breasts of mankind.

اور بعض لوگ ایسے ہیں جو کہتے ہیں کہ ہم اللہ پر ایمان لے آئے اس کے بعد جب راہِ خدا میں کوئی تکلیف ہوئی تو لوگوں کے فتنہ کو عذابِ خدا جیسا قرار دے دیا حالانکہ آپ کے پروردگار کی طرف سے کوئی مدد آجاتی تو فورًا کہہ دیتے کہ ہم تو آپ ہی کے ساتھ تھے تو کیا خدا ان باتوں سے باخبر نہیں ہے جو عالمین کے دلوں میں ہیں۔

وَلَيَعۡلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَلَيَعۡلَمَنَّ الۡمُنٰفِقِيۡنَ

WALAYA'LAMANNA ALLAAHU ALLAZEENA AAMANOO WALAYA'LAMANNA AL-MUNAAFIQEEN

And most certainly Allah will know those who believe and most certainly He will know the hypocrites.

اور وہ یقیناً انہیں بھی جاننا چاہتا ہے جو صاحبانِ ایمان ہیں اور انہیں بھی جاننا چاہتا ہے جو منافق ہیں۔

وَقَالَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لِلَّذِيۡنَ اٰمَنُوا اتَّبِعُوۡا سَبِيۡلَنَا وَلۡنَحۡمِلۡ خَطٰيٰكُمۡ وَمَا هُمۡ بِحٰمِلِيۡنَ مِنۡ خَطٰيٰهُمۡ مِّنۡ شَىۡءٍ اِنَّهُمۡ لَكٰذِبُوۡنَ

WAQAALA ALLAZEENA KAFAROO LILLAZEENA AAMANOO ITTABI'OO SABEELANAA WALNAHMIL KHATAAYAAKUM WAMAA HUM BIHAAMILEENA MIN KHATAAYAAHUM MIN SHAY'IN INNAHUM LAKAAZIBOON

And those who disbelieve say to those who believe: Follow our path and we will bear your wrongs. And never shall they be the bearers of any of their wrongs; most surely they are liars.

اور یہ کفّار ایمان لانے والوں سے کہتے ہیں کہ تم ہمارے راستہ کا اتباع کر لو ہم تمہارے گناہوں کے ذمہ دار ہیں حالانکہ وہ کسی کے گناہوں کا بوجھ اٹھانے والے نہیں ہیں اور سراسر جھوٹے ہیں۔

Free to read, copy and share

وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ وَلَيُسْئَلُنَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَمَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ

WALAYAHMILUNNA ATHQAALAHUM WA-ATHQAALAN MA'A ATHQAALIHIM WALAYUS'ALUNNA YAWMA AL-QIYAAMATI 'AMMAA KAANOO YAFTAROON

And most certainly they shall carry their own burdens, and other burdens with their own burdens, and most certainly they shall be questioned on the resurrection day as to what they forged.

اور انہیں ایک دن اپنا بوجھ بھی اٹھانا ہی پڑے گا اور اس کے ساتھ ان لوگوں کا بھی اور روزِ قیامت ان سے ان باتوں کے بارے میں سوال بھی کیا جائے گا جن کا یہ افترا (انکار) کیا کرتے تھے۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا فَاَخَذَهُمُ الطُّوْفَانُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ

WALAQAD ARSALNAA NOOHAN ILAA QAWMIHEE FALABITHA FEEHIM ALFA SANATIN ILLAA KHAMSEENA 'AAMAN FA-AKHAZAHUMU AT-TOOFAANU WAHUM ZAALIMOON

And certainly We sent Nuh to his people, so he remained among them a thousand years save fifty years. And the deluge overtook them, while they were unjust.

اور ہم نے نوحؑ کو ان کی قوم کی طرف بھیجا اور وہ ان کے درمیان پچاس سال کم ایک ہزار (۹۵۰) سال رہے پھر قوم کو طوفان نے اپنی گرفت میں لے لیا کہ وہ لوگ ظالم تھے۔

فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ وَجَعَلْنٰهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ

FA-ANJAYNAAHU WA-ASHAABA AS-SAFEENATI WAJA'ALNAAHAA AAYATAN LIL'AALAMEEN

So We delivered him and the inmates of the ark, and made it a sign to the nations.

پھر ہم نے نوحؑ کو اور ان کے ساتھ کشتی والوں کو نجات دے دی اور اسے عالمین کے لئے ایک نشانی قرار دے دیا۔

وَاِبْرٰهِيْمَ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ

WA-IBRAAHEEMA IZ QAALA LIQAWMIHI U'BUDOO ALLAAHA WATTAQOOHU ZAALIKUM KHAYRUN LAKUM IN KUNTUM TA'LAMOON

And (We sent) Ibrahim, when he said to his people: Serve Allah and be careful of (your duty to) Him; this is best for you, if you did but know:

اور ابراہیمؑ کو یاد کرو جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ اللہ کی عبادت کرو اور اس سے ڈرو کہ اسی میں تمہارے لئے بہتری ہے اگر تم کچھ جانتے ہو۔

Free to read, copy and share

اِنَّمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا وَّتَخْلُقُوْنَ اِفْكًا اِنَّ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَمْلِكُوْنَ لَكُمْ رِزْقًا فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوْهُ وَاشْكُرُوْا لَهٗ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ

INNAMAA TA'BUDOONA MIN DOONI ALLAAHI AWTHAANAN WATAKHLUQOONA IFKAN INNA ALLAZEENA TA'BUDOONA MIN DOONI ALLAAHI LAA YAMLIKOONA LAKUM RIZQAN FABTAGHOO 'INDA ALLAAHI AR-RIZQA WA'BUDOOHU WASHKUROO LAHOO ILAYHI TURJA'OON

You only worship idols besides Allah and you create a lie; surely they whom you serve besides Allah do not control for you any sustenance, therefore seek the sustenance from Allah and serve Him and be grateful to Him; to Him you shall be brought back.

تم خدا کو چھوڑ کر صرف بتوں کی پرستش کرتے ہو اور اپنے پاس سے جھوٹ گڑھتے ہو یاد رکھو کہ خدا کے علاوہ جن کی بھی پرستش کرتے ہو وہ تمہارے رزق کے مالک نہیں ہیں رزق خدا کے پاس تلاش کرو اور اسی کی عبادت کرو اسی کا شکریہ ادا کرو کہ تم سب اسی کی بارگاہ میں واپس لے جائے جاؤ گے۔

وَاِنْ تُكَذِّبُوْا فَقَدْ كَذَّبَ اُمَمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ

WA-IN TUKAZZIBOO FAQAD KAZZABA UMAMUN MIN QABLIKUM WAMAA 'ALAA AR-RASOOLI ILLAA AL-BALAAGHU AL-MUBEEN

And if you reject (the truth), nations before you did indeed reject (the truth); and nothing is incumbent on the apostle but a plain delivering (of the message).

اور اگر تم تکذیب کرو (جھٹلاؤ) گے تو تم سے پہلے بہت سی قومیں یہ کام کر چکی ہیں اور رسول کی ذمہ داری تو صرف واضح طور پر پیغام کا پہنچا دینا ہے۔

اَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ يُبْدِئُ اللّٰهُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ

AWALAM YARAW KAYFA YUBDI'U ALLAAHU AL-KHALQA THUMMA YU'EEDUHOO INNA ZAALIKA 'ALAA ALLAAHI YASEER

What! do they not consider how Allah originates the creation, then reproduces it? Surely that is easy to Allah.

کیا ان لوگوں نے نہیں دیکھا کہ خدا کس طرح مخلوقات کو ایجاد کرتا ہے اور پھر دوبارہ واپس لے جاتا ہے یہ سب اللہ کے لئے بہت آسان ہے۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ بَدَاَ الْخَلْقَ ثُمَّ اللّٰهُ يُنْشِئُ النَّشْاَةَ الْاٰخِرَةَ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

QUL SEEROO FEE AL-ARDI FANZUROO KAYFA BADA'A AL-KHALQA THUMMA ALLAAHU YUNSHI'U AN-NASH'ATA AL-AAKHIRATA INNA ALLAAHA 'ALAA KULLI SHAY'IN QADEER

Say: Travel in the earth and see how He makes the first creation, then Allah creates the latter creation; surely Allah has power over all things.

آپ کہہ دیجئے کہ تم لوگ زمین میں سیر کرو اور دیکھو کہ خدا نے کس طرح خلقت کا آغاز کیا ہے اس کے بعد وہی آخرت میں دوبارہ ایجاد کرے گا بے شک وہی ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔

يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَرْحَمُ مَنْ يَّشَآءُ وَاِلَيْهِ تُقْلَبُوْنَ

YU'AZZIBU MAN YASHAA'U WAYARHAMU MAN YASHAA'U WA-ILAYHI TUQLABOON

He punishes whom He pleases and has mercy on whom He pleases, and to Him you shall be turned back.

وہ جس پر چاہتا ہے عذاب کرتا ہے اور جس پر چاہتا ہے رحم کرتا ہے اور تم سب اسی کی طرف پلٹائے جاؤ گے۔

وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ

WAMAA ANTUM BIMU'JIZEENA FEE AL-ARDI WALAA FEE AS-SAMAA'I WAMAA LAKUM MIN DOONI ALLAAHI MIN WALIYYIN WALAA NASEER

And you shall not escape in the earth nor in the heaven, and you have neither a protector nor a helper besides Allah.

اور تم زمین یا آسمان میں اسے عاجز کر سکنے والے نہیں ہو اور اس کے علاوہ تمہارا کوئی سرپرست یا مددگار بھی نہیں ہے۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَلِقَآئِهٖٓ اُولٰٓئِكَ يَئِسُوْا مِنْ رَّحْمَتِيْ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ

WALLAZEENA KAFAROO BI-AAYAATI ALLAAHI WALIQAA'IHEE OOLAA'IKA YA'ISOO MIN RAHMATEE WA-OOLAA'IKA LAHUM 'AZAABUN ALEEM

And (as to) those who disbelieve in the communications of Allah and His meeting, they have despaired of My mercy, and these it is that shall have a painful punishment.

اور جو لوگ خدا کی نشانیوں اور اس کی ملاقات کا انکار کرتے ہیں وہ میری رحمت سے مایوس ہیں اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔

Free to read, copy and share

فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ قَالُوا اقْتُلُوْهُ اَوْ حَرِّقُوْهُ فَاَنْجٰىهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ

FAMAA KAANA JAWAABA QAWMIHEE ILLAA AN QAALOO UQTULOOHU AW HARRIQOOHU FA-ANJAAHU ALLAAHU MINA AN-NAARI INNA FEE ZAALIKA LA-AAYAATIN LIQAWMIN YU'MINOON

So naught was the answer of his people except that they said: Slay him or burn him; then Allah delivered him from the fire; most surely there are signs in this for a people who believe.

تو ان کی قوم کا جواب اس کے علاوہ کچھ نہ تھا کہ انہیں قتل کر دو یا آگ میں جلا دو، تو پروردگار نے انہیں اس آگ سے نجات دلا دی بے شک اس میں بھی صاحبانِ ایمان کے لئے بہت سی نشانیاں پائی جاتی ہیں۔

وَقَالَ اِنَّمَا اتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا مَّوَدَّةَ بَيْنِكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُ بَعْضُكُمْ بِبَعْضٍ وَّيَلْعَنُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا وَّمَاْوٰكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ

WAQAALA INNAMAA ITTAKHAZTUM MIN DOONI ALLAAHI AWTHAANAN MAWADDATA BAYNIKUM FEE AL-HAYAATI AD-DUNYAA THUMMA YAWMA AL-QIYAAMATI YAKFURU BA'DUKUM BIBA'DIN WAYAL'ANU BA'DUKUM BA'DAN WAMA'WAAKUMU AN-NAARU WAMAA LAKUM MIN NAASIREEN

And he said: You have only taken for yourselves idols besides Allah by way of friendship between you in this world's life, then on the resurrection day some of you shall deny others, and some of you shall curse others, and your abode is the fire, and you shall not have any helpers.

اور ابراہیمؑ نے کہا کہ تم نے صرف زندگانی دنیا کی محبتوں کو برقرار رکھنے کے لئے خدا کو چھوڑ کر بتوں کو اختیار کر لیا ہے اس کے بعد روزِ قیامت تم میں سے ہر ایک دوسرے کا انکار کرے گا اور ایک دوسرے پر لعنت کرے گا جب کہ تم سب کا انجام جہنّم ہو گا اور تمہارا کوئی مددگار نہ ہو گا۔

فَاٰمَنَ لَهٗ لُوْطٌ وَقَالَ اِنِّيْ مُهَاجِرٌ اِلٰى رَبِّيْۤ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ

FA-AAMANA LAHOO LOOTUN WAQAALA INNEE MUHAAJIRUN ILAA RABBEE INNAHOO HUWA AL-'AZEEZU AL-HAKEEM

And Lut believed in Him, and he said: I am fleeing to my Lord, surely He is the Mighty, the Wise.

پھر لوطؑ ابراہیمؑ پر ایمان لے آئے اور انہوں نے کہا کہ میں اپنے رب کی طرف ہجرت کر رہا ہوں کہ وہی صاحبِ عزّت اور صاحب حکمت ہے۔

Free to read, copy and share

وَوَهَبْنَا لَهٗۤ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَجَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِ النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ وَاٰتَيْنٰهُ اَجْرَهٗ فِي الدُّنْيَا وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ

WAWAHABNAA LAHOO ISHAAQA WAYA'QOOBA WAJA'ALNAA FEE ZURRIYYATIHI AN-NUBUWWATA WAL-KITAABA WA-AATAYNAAHU AJRAHOO FEE AD-DUNYAA WA-INNAHOO FEE AL-AAKHIRATI LAMINA AS-SAALIHEEN

And We granted him Ishaq and Yaqoub, and caused the prophethood and the book to remain in his seed, and We gave him his reward in this world, and in the hereafter he will most surely be among the good.

اور ہم نے انہیں اسحاقؑ اور یعقوبؑ جیسی اولاد عطا کی اور پھر ان کی ذریت میں کتاب اور نبوت قرار دی اور انہیں دنیا میں بھی ان کا اجر عطا کیا اور آخرت میں بھی ان کا شمار نیک کردار لوگوں میں ہو گا۔

وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖۤ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ

WALOOTAN IZ QAALA LIQAWMIHEE INNAKUM LATA'TOONA AL-FAAHISHATA MAA SABAQAKUM BIHAA MIN AHADIN MINA AL-'AALAMEEN

And (We sent) Lut when he said to his people: Most surely you are guilty of an indecency which none of the nations has ever done before you;

اور پھر لوطؑ کو یاد کرو جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ تم لوگ ایسی بدکاری کر رہے ہو جو سارے عالم میں تم سے پہلے کبھی کسی نے بھی نہیں کی ہے۔

اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ وَتَقْطَعُوْنَ السَّبِيْلَ وَتَاْتُوْنَ فِيْ نَادِيْكُمُ الْمُنْكَرَ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ قَالُوا ائْتِنَا بِعَذَابِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ

A'INNAKUM LATA'TOONA AR-RIJAALA WATAQTA'OONA AS-SABEELA WATA'TOONA FEE NAADEEKUMU AL-MUNKARA FAMAA KAANA JAWAABA QAWMIHEE ILLAA AN QAALOO I'TINAA BI'AZAABI ALLAAHI IN KUNTA MINA AS-SAADIQEEN

What! do you come to the males and commit robbery on the highway, and you commit evil deeds in your assemblies? But nothing was the answer of his people except that they said: Bring on us Allah's punishment, if you are one of the truthful.

تم لوگ مردوں سے جنسی تعلّقات پیدا کر رہے ہو اور راستے قطع کر رہے ہو اور اپنی محفلوں میں برائیوں کو انجام دے رہے ہو، تو ان کی قوم کے پاس اس کے علاوہ کوئی جواب نہ تھا کہ اگر تم صادقین میں سے ہو تو وہ عذابِ الٰہی لے آؤ جس کی خبر دے رہے ہو۔

Free to read, copy and share

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ

QAALA RABBI UNSURNEE 'ALAA AL-QAWMI AL-MUFSIDEEN

He said: My Lord! help me against the mischievous people.

تو لوطؑ نے کہا پروردگار تو اس فساد پھیلانے والی قوم کے مقابلہ میں میری مدد فرما۔

وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى قَالُوْٓا اِنَّا مُهْلِكُوْٓ اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ اِنَّ اَهْلَهَا كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ

WALAMMAA JAA'AT RUSULUNAA IBRAAHEEMA BIL-BUSHRAA QAALOO INNAA MUHLIKOO AHLI HAAZIHI AL-QARYATI INNA AHLAHAA KAANOO ZAALIMEEN

And when Our messengers came to Ibrahim with the good news, they said: Surely we are going to destroy the people of this town, for its people are unjust.

اور جب ہمارے نمائندہ فرشتے ابراہیمؑ کے پاس بشارت لے کر آئے اور انہوں نے یہ خبر سنائی کہ ہم اس بستی والوں کو ہلاک کرنا چاہتے ہیں کہ اس بستی کے لوگ بڑے ظالم ہیں۔

قَالَ اِنَّ فِيْهَا لُوْطًا قَالُوْا نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَنْ فِيْهَا لَنُنَجِّيَنَّهٗ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ

QAALA INNA FEEHAA LOOTAN QAALOO NAHNU A'LAMU BIMAN FEEHAA LANUNAJJIYANNAHOO WA-AHLAHOO ILLAA IMRA'ATAHOO KAANAT MINA AL-GHAABIREEN

He said: Surely in it is Lut. They said: We know well who is in it; we shall certainly deliver him and his followers, except his wife; she shall be of those who remain behind.

تو ابراہیمؑ نے کہا کہ اس میں تو لوط بھی ہیں، انہوں نے جواب دیا کہ ہم سب سے باخبر ہیں، ہم انہیں اور ان کے گھر والوں کو نجات دے دیں گے علاوہ ان کی زوجہ کے کہ وہ پیچھے رہ جانے والوں میں ہے۔

Free to read, copy and share

وَلَمَّآ اَنۡ جَآءَتۡ رُسُلُنَا لُوۡطًا سِیۡٓءَ بِهِمۡ وَضَاقَ بِهِمۡ ذَرۡعًا وَّقَالُوۡا لَا تَخَفۡ وَلَا تَحۡزَنۡ اِنَّا مُنَجُّوۡكَ وَاَهۡلَكَ اِلَّا امۡرَاَتَكَ كَانَتۡ مِنَ الۡغٰبِرِیۡنَ

WALAMMAA AN JAA'AT RUSULUNAA LOOTAN SEE'A BIHIM WADAAQA BIHIM ZAR'AN WAQAALOO LAA TAKHAF WALAA TAHZAN INNAA MUNAJJOOKA WA-AHLAKA ILLAA IMRA'ATAKA KAANAT MINA AL-GHAABIREEN

And when Our messengers came to Lut he was grieved on account of them, and he felt powerless (to protect) them; and they said: Fear not, nor grieve; surely we will deliver you and your followers, except your wife; she shall be of those who remain behind.

پھر جب ہمارے فرشتے لوط کے پاس آئے تو وہ پریشان ہو گئے اور ان کی مہمانی کی طرف سے دل تنگ ہونے لگے ان لوگوں نے کہا کہ آپ ڈریں نہیں اور پریشان نہ ہوں ہم آپ کو اور آپ کے گھر والوں کو بچا لیں گے صرف آپ کی زوجہ کو نہیں کہ وہ پیچھے رہ جانے والوں میں ہو گئی ہے۔

اِنَّا مُنۡزِلُوۡنَ عَلٰۤی اَهۡلِ هٰذِهِ الۡقَرۡیَةِ رِجۡزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوۡا یَفۡسُقُوۡنَ

INNAA MUNZILOONA 'ALAA AHLI HAAZIHI AL-QARYATI RIJZAN MINA AS-SAMAA'I BIMAA KAANOO YAFSUQOON

Surely We will cause to come down upon the people of this town a punishment from heaven, because they transgressed.

ہم اس بستی پر آسمان سے عذاب نازل کرنے والے ہیں کہ یہ لوگ بڑی بدکاری کر رہے ہیں۔

وَلَقَدۡ تَّرَكۡنَا مِنۡهَاۤ اٰیَةًۢ بَیِّنَةً لِّقَوۡمٍ یَّعۡقِلُوۡنَ

WALAQAD TARAKNAA MINHAA AAYATAN BAYYINATAN LIQAWMIN YA'QILOON

And certainly We have left a clear sign of it for a people who understand.

اور ہم نے اس بستی میں سے صاحبانِ عقل و ہوش کے لئے کھلی ہوئی نشانی باقی رکھی ہے۔

Free to read, copy and share

وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَارْجُوا الْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ

WA-ILAA MADYANA AKHAAHUM SHU'AYBAN FAQAALA YAA QAWMI U'BUDOO ALLAAHA WARJOO AL-YAWMA AL-AAKHIRA WALAA TA'THAW FEE AL-ARDI MUFSIDEEN

And to Madyan (We sent) their brother Shuaib, so he said: O my people! serve Allah and fear the latter day and do not act corruptly in the land, making mischief.

اور ہم نے مدین کی طرف ان کے بھائی شعیب کو بھیجا تو انہوں نے کہا کہ لوگو اللہ کی عبادت کرو اور روزِ آخرت سے امیدیں وابستہ کرو اور خبردار زمین میں فساد نہ پھیلاتے پھرو۔

فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ

FAKAZZABOOHU FA-AKHAZAT-HUMU AR-RAJFATU FA-ASBAHOO FEE DAARIHIM JAATHIMEEN

But they rejected him, so a severe earthquake overtook them, and they became motionless bodies in their abode.

تو ان لوگوں نے انہیں جھٹلا دیا اور نتیجہ میں انہیں ایک زلزلے نے اپنی گرفت میں لے لیا اور وہ اپنے گھروں میں اوندھے زانو کے بل پڑے رہے۔

وَعَادًا وَّثَمُوْدَ وَقَدْ تَّبَيَّنَ لَكُمْ مِّنْ مَّسٰكِنِهِمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَكَانُوْا مُسْتَبْصِرِيْنَ

WA'AADAN WATHAMOODA WAQAD TABAYYANA LAKUM MIN MASAAKINIHIM WAZAYYANA LAHUMU ASH-SHAYTAANU A'MAALAHUM FASADDAHUM 'ANI AS-SABEELI WAKAANOO MUSTABSIREEN

And (We destroyed) Ad and Samood, and from their dwellings (this) is apparent to you indeed; and the Shaitan made their deeds fair-seeming to them, so he kept them back from the path, though they were endowed with intelligence and skill

اور عاد و ثمود کو یاد کرو کہ تم لوگوں کے لئے ان کے گھر بھی سرِ راہ واضح ہو چکے ہیں اور شیطان نے ان کے لئے ان کے اعمال کو آراستہ کر دیا تھا اور انہیں راستہ سے روک دیا تھا حالانکہ وہ لوگ بہت ہوشیار تھے۔

Free to read, copy and share

وَقَارُوْنَ وَفِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ فَاسْتَكْبَرُوْا فِي الْاَرْضِ وَمَا كَانُوْا سٰبِقِيْنَ

WAQAAROONA WAFIR'AWNA WAHAAMAANA WALAQAD JAA'AHUM MOOSAA BIL-BAYYINAATI FASTAKBAROO FEE AL-ARDI WAMAA KAANOO SAABIQEEN

And (We destroyed) Qaroun and Firon and Haman; and certainly Musa came to them with clear arguments, but they behaved haughtily in the land; yet they could not outstrip (Us).

اور قارون فرعون و ہامان کو بھی یاد دلاؤ جن کے پاس موسیٰؑ کھلی ہوئی نشانیاں لے کر آئے تو ان لوگوں نے زمین میں استکبار (تکبّر) سے کام لیا حالانکہ وہ ہم سے آگے جانے والے نہیں تھے۔

فَكُلًّا اَخَذْنَا بِذَنْۢبِهٖ فَمِنْهُمْ مَّنْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِبًا وَمِنْهُمْ مَّنْ اَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ وَمِنْهُمْ مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ الْاَرْضَ وَمِنْهُمْ مَّنْ اَغْرَقْنَا وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ

FAKULLAN AKHAZNAA BIZANBIHEE FAMINHUM MAN ARSALNAA 'ALAYHI HAASIBAN WAMINHUM MAN AKHAZAT-HU AS-SAYHATU WAMINHUM MAN KHASAFNAA BIHI AL-ARDA WAMINHUM MAN AGHRAQNAA WAMAA KAANA ALLAAHU LIYAZLIMAHUM WALAAKIN KAANOO ANFUSAHUM YAZLIMOON

So each We punished for his sin; of them was he on whom We sent down a violent storm, and of them was he whom the rumbling overtook, and of them was he whom We made to be swallowed up by the earth, and of them was he whom We drowned; and it did not beseem Allah that He should be unjust to them, but they were unjust to their own souls.

پھر ہم نے ہر ایک کو اس کے گناہ میں گرفتار کر لیا کسی پر آسمان سے پتھروں کی بارش کر دی کسی کو ایک آسمانی چیخ نے پکڑ لیا اور کسی کو زمین میں دھنسا دیا اور کسی کو پانی میں غرق کر دیا اور اللہ کسی پر ظلم کرنے والا نہیں ہے بلکہ یہ لوگ خود اپنے نفس پر ظلم کر رہے ہیں۔

Free to read, copy and share

مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ اِتَّخَذَتْ بَيْتًا وَّاِنَّ اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ

MATHALU ALLAZEENA ITTAKHAZOO MIN DOONI ALLAAHI AWLIYAA'A KAMATHALI AL-'ANKABOOTI ITTAKHAZAT BAYTAN WA-INNA AWHANA AL-BUYOOTI LABAYTU AL-'ANKABOOTI LAW KAANOO YA'LAMOON

The parable of those who take guardians besides Allah is as the parable of the spider that makes for itself a house; and most surely the frailest of the houses is the spider's house- did they but know.

اور جن لوگوں نے خدا کو چھوڑ کر دوسرے سرپرست بنا لئے ہیں ان کی مثال مکڑی جیسی ہے کہ اس نے گھر تو بنا لیا لیکن سب سے کمزور گھر مکڑی کا گھر ہوتا ہے اگر ان لوگوں کے پاس علم و ادراک ہو۔

اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ وَّهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ

INNA ALLAAHA YA'LAMU MAA YAD'OONA MIN DOONIHEE MIN SHAY'IN WAHUWA AL-'AZEEZU AL-HAKEEM

Surely Allah knows whatever thing they call upon besides Him; and He is the Mighty, the Wise.

بے شک اللہ خوب جانتا ہے کہ اسے چھوڑ کر یہ لوگ کسے پکار رہے ہیں اور وہ بڑی عزّت والا اور صاحبِ حکمت ہے۔

وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ وَمَا يَعْقِلُهَآ اِلَّا الْعٰلِمُوْنَ

WATILKA AL-AMTHAALU NADRIBUHAA LIN-NAASI WAMAA YA'QILUHAA ILLAA AL-'AALIMOON

And (as for) these examples, We set them forth for men, and none understand them but the learned.

اور یہ مثالیں ہم تمام عالمِ انسانیت کے لئے بیان کر رہے ہیں لیکن انہیں صاحبانِ علم کے علاوہ کوئی نہیں سمجھ سکتا ہے۔

خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

KHALAQA ALLAAHU AS-SAMAAWAATI WAL-ARDA BIL-HAQQI INNA FEE ZAALIKA LA-AAYATAN LILMU'MINEEN

Allah created the heavens and the earth with truth; most surely there is a sign in this for the believers.

اللہ نے آسمان اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا ہے اور اس میں صاحبانِ ایمان کے لئے اس کی قدرت کی نشانی پائی جاتی ہے۔

Free to read, copy and share

صَدَقَ اللهُ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ۔

SADAQA ALLAAHU AL-'ALIYYU AL-'AZEEM.

Almighty God the most high speaks the truth.

اللہ بزرگ و برتر نے سچ فرمایا ہے۔

Juz (Sipara)-21 (https://fzic.org/library/quran/juz-sipara-21-1024)

جز (سپارہ)-۲۱ (https://fzic.org/library/quran/juz-sipara-21-1024)

Printed from https://fzic.org/library/quran/juz-sipara-20-1023 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.